(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## سماجی

مستقبل کے حوالے سے رائے


## مستقبل قریب یعنی آنے والا سال دنیا بھر کے ممالک کیلئے زیادہ پُرامن ہونے (36%) یا زیادہ پریشان کن ہونے (34%) کے حوالے سے پاکستانیوں کی رائے یکساں طور پر تقسیم شدہ ہے، جبکہ عالمی ممالک کی رائے میں آنے والا سال زیادہ پریشان کن ہوگا۔

**(گیلپ پاکستان اور گیلپ انٹرنیشنل ایسوسی ایشن GIA)**
(اسلام آباد)، 03 جولائی، 2024

گیلپ پاکستان & گیلپ انٹرنیشنل ایسوسی ایشن (GIA) کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، **مستقبل قریب یعنی آنے والا سال دنیا بھر کے ممالک کیلئے زیادہ پُرامن ہونے (36%) یا زیادہ پریشان کن ہونے (34%) کے حوالے سے پاکستانیوں کی رائے یکساں طور پر تقسیم شدہ ہے، جبکہ عالمی ممالک کی رائے میں آنے والا سال زیادہ پریشان کن ہوگا۔**

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین وحضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"آپ کے خیال میں نیا سال یعنی 2024 دنیا بھر کے ممالک کے لیے پچھلے سال کی نسبت زیادہ پُرامن ہوگا یا اس میں زیادہ لڑائی جھگڑے ہوں گے یا اس سال اور اگلے سال میں کوئی فرق نہیں ہوگا؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 36% جوابدہندگان کے مطابق نیا سال یعنی 2024 دنیا بھر کے ممالک کے لیے پچھلے سال کی نسبت زیادہ پُرامن سال ہوگا، 34% جوابدہندگان کے مطابق نیا سال دنیا بھر کے ممالک کے لیے پچھلے سال کی نسبت زیادہ لڑائی جھگڑے والا سال ہوگا، جبکہ 18% جوابدہندگان کے مطابق نئے سال میں پچھلے سال کی نسبت کوئی فرق نہیں ہوگا، تاہم 12% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔


**"آپ کے خیال میں نیا سال یعنی 2024 دنیا بھر کے ممالک کے لیے پچھلے سال کی نسبت زیادہ پُرامن ہوگا یا اس میں زیادہ لڑائی جھگڑے ہوں گے یا اس سال اور اگلے سال میں کوئی فرق نہیں ہوگا؟"**




*Source: Gallup Pakistan & GIA End of Year Survey 2023*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## عالمی ممالک کے اعتبار سے نتائج:

آنے والا سال دنیا بھر کے ممالک کیلئے زیادہ پُرامن ہونے یا زیادہ پریشان کن ہونے کے حوالے سے پاکستانیوں کی رائے تقریباً تقسیم شدہ ہے، جبکہ عالمی سطح پر افراد کی زیادہ شرح کے مطابق آنے والا سال زیادہ پُرامن ہونے کی نسبت زیادہ پریشان کن ہوگا۔




*Source: Gallup Pakistan & GIA End of Year Survey 2023*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, [www.gilanifoundation.com](www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1,000 مرد و خواتین سے 4 تا 16 اکتوبر 2023 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

## گیلپ انٹرنیشنل کے بارے سے:

گیلپ انٹرنیشنل ایسوسی ایشن (GIA) مارکیٹ ریسرچ اور پولنگ میں دنیا کی معروف خود مختار تنظیم ہے، اور گیلپ پاکستان اس کا ممبر ہے۔

75 سالوں سے گیلپ انٹرنیشنل کے ممبران نے مختلف ممالک میں سروے کرنے اور بہترین معیار فراہم کرنے میں ماہرانہ صلاحیت ظاہر کی ہیں جس کا بآسانی موازنہ کیا جاسکتا ہے۔ ہمارے 100 سے زائد ممبران اور پاٹنرز اپنے ملک کے تحقیقی طریقوں اور تکنیکوں، شماریاتی ذرائع، ثقافت اور رسم و رواج کے اختلافات کے حوالے سے وسیع مقامی معلومات رکھتے ہیں اور بہت سے قومی اداروں کی قیادت کررہے ہیں، ایسوسی ایشن بورڈ کی جانب سے اُن ممبران کا بہت احتیاط کے ساتھ انتخاب کیا گیا ہے۔ ہر ایک ملک میں صرف ایک رکن ایجنسی ہے، ممبران روزانہ کی بنیاد پر معلومات، ریسرچ کی نئی ٹیکنیک اور ٹولز کو شئیر کرتے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی ریسرچ کے منصوبوں کی تکمیل کیلئے مناسب حل فراہم کرنے اور کلائنٹ تک اپنی بہترین صلاحیتوں کے مطابق سروسز فراہم کرنے کیلئے مل کر کام کررہے ہیں۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday, 3rd July 2024**

*(4 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:** Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2024

celebrating 44 years of Gallup Pakistan (1980-2024)